اَلۡأَعۡلَى

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَىۙ ﴿۱﴾	اے پیغمبر ﷺ اپنے پروردگار عالی شان کے نام کی تسبیح کرو۔
الَّذِىْ خَلَقَ فَسَوّٰى ۙ ﴿۲﴾	جس نے انسان کو بنایا پھر اسکے اعضاء کو درست کیا۔
وَالَّذِىْ قَدَّرَ فَهَدٰى ۙ ﴿۳﴾	اور جس نے اس کا اندازہ ٹھہرایا پھر اسکو رستہ بتایا۔
وَالَّذِىْۤ اَخْرَجَ الْمَرْعٰى ۙ ﴿۴﴾	اور جس نے چارہ اگایا۔
فَجَعَلَهٗ غُثَآءً اَحْوٰى ؕ ﴿۵﴾	پھر اسکو سیاہ رنگ کا کوڑا کر دیا۔
سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى ۙ ﴿۶﴾	اے نبی ﷺ ہم تمہیں پڑھا دیں گے پھر تم فراموش نہ کرو گے۔

إِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ إِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى ؕ ﴿٧﴾	مگر جو اللہ چاہے۔ وہ کھلی بات کو بھی جانتا ہے اور چھپی کو بھی۔
وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرٰى ۖۚ ﴿٨﴾	اور ہم تمکو آسان طریقے کی توفیق دیں گے۔
فَذَكِّرْ إِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى ؕ ﴿٩﴾	سو جہاں تک نصیحت کے نافع ہونے کی امید ہو نصیحت کرتے رہو۔
سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ۙ ﴿١٠﴾	جو خوف رکھتا ہے وہ تو نصیحت حاصل کرے گا۔
وَيَتَجَنَّبُهَا الْأَشْقَى ۙ ﴿١١﴾	اور بے خوف بدبخت اس سے کترائے گا۔
الَّذِيْ يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ۚ ﴿١٢﴾	جو بڑی تیز آگ میں داخل ہو گا۔
ثُمَّ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ؕ ﴿١٣﴾	پھر وہاں نہ مرے گا اور نہ جئے گا۔
قَدْ أَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ۙ ﴿١٤﴾	بیشک وہ مراد کو پہنچ گیا جو پاک ہوا۔
وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ؕ ﴿١٥﴾	اور اپنے پروردگار کا نام لیتا رہا اور نماز پڑھتا رہا۔

بَلۡ تُؤۡثِرُوۡنَ الۡحَیٰوۃَ الدُّنۡیَا ۫ۖ ﴿۱۶﴾	بات یہ ہے کہ تم لوگ تو دنیا کی زندگی کو ترجیح دیتے ہو۔
وَ الۡاٰخِرَۃُ خَیۡرٌ وَّ اَبۡقٰی ؕ ﴿۱۷﴾	حالانکہ آخرت بہت بہتر اور ہمیشہ باقی رہنے والی ہے۔
اِنَّ ہٰذَا لَفِی الصُّحُفِ الۡاُوۡلٰی ۙ ﴿۱۸﴾	یہی بات پہلے صحیفوں میں بھی درج ہے۔
صُحُفِ اِبۡرٰہِیۡمَ وَ مُوۡسٰی ﴿۱۹﴾ ع	یعنی ابراہیم اور موسیٰ کے صحیفوں میں۔